25/01/2026

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر مینسید مشاہد حسین

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مو دی آج دن میں گیارہ بجے اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات میں عوام کے ساتھ مختلف موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن کے پورے نیٹ ورک پر نشر کیاجائے گا۔

فُل ڈریس

ملک بھر میں کل منائے جانے والے یوم جمہوریہ کے سلسلے میں تمام تیاریاں اور انتظامات مکمل ہیں اور اس سلسلے میں پورا ملک حب الوطنی کے جذبے کے رنگ میں رنگا ہوا ہے۔

یوم جمہوریہ سے قبل کل یعنی24جنوری کو فُل ڈریس ریہرسلز کا انعقاد ہوا۔ سرینگر کے بخشی اسٹیڈیم میں منعقدہ فُل ڈریس ریہر سل میں صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے قومی پرچم پھیرا کر مارچ پاسٹ پر سلامی لی۔

-----Music-----

اُدھر جموں میں فُل ڈریس ریہر سل کی تقریب مولانا آزاد اسٹیڈیم میں منعقد ہوئی جہاں ڈویژنل کمشنر جموں راکیش کمار خاص مہمان تھے۔

جمونو کشمیر کے دیگر سبھی ضلع صدر مقامات پر بھی اس طرح کے پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔

ووٹرس ڈے

اس دوران آج ملک بھر میں نیشنل ووٹرس ڈے منایا جارہا ہے۔ اس سال اس دن کا موضوع” میرا بھارت میرا ووٹ ہے“ جبکہ اسکا نعرہ” شہری بھارتی جمہوریت کے مرکز میں“ رکھا گیا ہے۔

جموںو کشمیر میں بھی اس دن کے موقعے پر آج مختلف تقاریب کا اہتمام ہے جس دوران عام لوگوں میں حق رائے دہی کے استعمال اور جمہوری عمل میں شرکت کی اہمیت کے بارے میں بیداری پیدا کی جائے گی۔

اس سلسلے میں کھیل کود اور امور نوجوانان کی مرکزی وزارت کے زیر اہتمام آج سرینگر میں کا ایک پروگرام منعقد کیا جائے My Bharat My Vote پد یاترا :سنڈےز آن سائیکل کے تحت گا۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جدید بھارت کی تعمیر میں اُتر پردیش سے تعلق رکھنے والے مجاہدین آزادی اور دیگر عظیم شخصیات کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔

اُتر پردیش کے یوم تاسیس کے سلسلے میں لوک بھون جموں میں منعقدہ ایک تقریب پر منوج سنہا نے ریاست کے روحانی اور ثقافتی ورثے پر تفصیل سے روشنی ڈالتے ہوئے یو پی کے عوام کو مبارکباد پیش کی۔

------LG------

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ پری بجٹ مشاورت متوازن اور شمولیاتی ترقی کے موافق ایک میزانیہ تیار کرنے میں مدد گار ثابت ہو گی۔

جموںو کشمیر اسمبلی کے آنے والے بجٹ اجلاس سے قبل کل سرینگر میں وزیر اعلیٰ نے جنوبی اور شمالی کشمیر کے ارکان قانون سازیہ کے ساتھ بات چیت کر کے مختلف سیکٹروں کے بارے میں ان کے نکتہ نظر اور ترجیحات کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔

ناصر اسلم

اسی دوران وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی کو ایک کا بینہ وزیرکا درجہ اور اختیار حاصل ہو گا۔

اس سلسلے میں جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے باضابطہ ایک حکم نامہ جا ری کیا گیا ہے۔

ریلوے

بھارتی ریلوے کی کشمیر وادی تک ہمہ موسمی رابطے نے غذائی اجناس کی قابل اعتماد فراہمی کو یقینی بناتے ہوئے خراب موسمی صورتحال کے با وجود لاجسٹکس کے اخراجات میں کمی لائی ہے۔

اس سلسلے میں42 ویگنوں پر مشتمل پہلی مکمل مال گاڑی22 جنوری کو اننت ناگ ریلوے سٹیشن پہنچی، جو2ہزار768میٹرک ٹن چاول سے بھری ہوئی تھی۔

واضح رہے کہ اس سے قبل21ویگنوں کی منی مال گاڑیوں سے اناج کی ترسیل عمل میں لائی جا تی تھی۔

مختار/موسم

شہر سرینگر اور وادی کے کچھ دیگر میدانی علاقوں میں آج صبح سویرے ہلکی پھلکی برفباری دیکھنے کو ملی ہے۔ البتہ محکمہ

ۂ موسمیات کے مطابق آج دن میں کسی خاطر خواہ برفباری کا کوئی امکان نہیں بنتا۔

ہمارے نمائندے شبیر الزماں کے ساتھ بات کر تے ہوئے سرینگر میں محکمہ

موسمیات کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مختار احمدنے بتایا کہ کل شام سے تیزہواؤں کے ساتھ پہاڑی اور ۂ میدانی علاقوں میں درمیانہ درجے کی بارش اور برفباری کی پیشگوئی ہے۔

----DR. Mukhtar----

شاہراہ

اس دوران سرینگر جموں قومی شاہراہ آج لگاتار تیسرے روز بھی بند ہے۔ نیشنل ہائی وے کو جمعے کے روز بھاری برفباری کے بعد احتیاط کے طور پر بند کرنا پڑا تھا۔

ہمارے نمائندے خورشید پڑرو نے خبر دی ہے کہ شاہراہ کے مختلف مقامات پر3ہزار سے زیادہ گاڑیاں در ماند ہو کررہ گئیں ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارتمنفی1اعشاریہ 6ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت7اعشاریہ1ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ